رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) 219 - (انٹر پارٹ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) ( دوسرا گروپ ) کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

یونہی یہ گردِ سر راہ خوش نما تارے رواں ہیں جن کی جبینوں سے حُسن کے دھارے

زمیں کا نور ہیں اور آسماں کی زینت ہیں کسی کی شوخیء رفتار کی علامت ہیں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

موت ! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے مرنے سے آگے ہی ' یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

دیدوادید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں

ہم کسی راہ سے واقف نہیں' جوں نورِ نظر رہنما تو ہی تو ہوتا ہے ، جدھر جاتے ہیں

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) بڑے بڑے جلسوں میں جب معاملہ بگڑنے لگتا اور یہ اندیشہ پیدا ہو جاتا کہ کہیں جلسہ درہم برہم نہ ہو جائے، تو اُس وقت نواب صاحب کی خوش بیانی، فصاحت اور ظرافت جادو کا کام کر جاتی تھی اور منقبض اور مکدّر چہرے بشاش اور شگفتہ ہو جاتے تھے۔ ان کی باتوں اور تقریروں میں ظرافت کی چاشنی بڑا مزہ دیتی تھی۔ باتوں میں ظرافت کبھی کبھی شوخی کی حد تک پہنچ جاتی تھی۔ دوسروں سے کام لینے کا انھیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔ وہ کچھ ایسے مہر آمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح ہمت افزائی کرتے تھے کہ لوگ خوشی خوشی اُن کا کام کرتے تھے۔ اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی اُن کا سلوک ایسا تھا کہ وہ ان کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی سے اور شوق سے کرتے تھے جیسے ان کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔

(ورق الٹیے)

3۔ (ب) پرووسٹ کے دفتر میں سب سے اہم عہدے پر ہونے کے سبب ان کا سابقہ اساتذہ ، بیرا ، باورچی ، نائی، چپڑاسی، بھنگی، بہشتی سب ہی سے براہِ راست پڑتا تھا۔ طلبہ کو خوش اور مطمئن رکھنا معمولی بات نہیں ہے۔ ان کا ایوب صاحب سے طرح طرح سے سابقہ پڑتا تھا۔ وہ ہر طالب علم کے خاندانی حالات و معاملات سے واقف رہتے تھے اور اسی اعتبار سے اُن سے سلوک کرتے تھے۔ اس لیے ہر طالب علم اُن کو اپنے گھر کے بزرگ اور خیراندیش کی حیثیت سے دیکھتا تھا۔ یونیورسٹی میں اسٹرائیک ہے۔ لڑکے ہیں کہ بے قابو ہوئے جاتے ہیں لیکن ایوب صاحب کا جادو برابر کام کر رہا ہے۔ ایسے زمانے میں ان کا طرزِ عمل لڑکوں سے وہی ہوتا جو میدانِ جنگ میں صلیبِ احمر کا ہوتا ہے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) نواب محسن الملک ۔ (ب) قرطبہ کا قاضی ۔

5۔ احسان دانش کی نظم ''تغیر'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) معاشرتی برائیاں اور اُن کا سدِ باب ۔ (ب) قوموں کی ترقی کا راز ۔

(ج) گداگری ایک لعنت ۔

7۔ والدِ محترم کو خط لکھ کر اپنے امتحانات کی تیاری سے آگاہ کیجیے۔ 10